## مریضوں کے لیے

### "پبلک چارج" ضابطہ میں تبدیلیاں

*بتاریخ 8/12/2019*

ٹرمپ (Trump) انتظامیہ نے امیگریشن کے ضوابط میں تبدیلی کا اعلان کیا۔ یہ تبدیلی کچھ لوگوں کے لیے گرین کارڈ یا ویزا حاصل کرنا زیادہ مشکل بنائی گی اگر انہوں نے میڈیک ایڈ، فوڈ اسٹامپس یا نقد اعانت جیسی خاص اقسام کی عوامی مراعات حاصل کی ہوں۔ اس سے ان لوگوں پر اثر پڑ سکتا ہے جو کسی اہل خانہ کے توسط سے گرین کارڈ کے لیے درخواست کرتے ہیں یا جو کچھ خاص اقسام کے ویزاوں کے لیے درخواست کرتے ہیں۔ اس ضابطہ کو "پبلک چارج" کہا جاتا ہے

**ابھی کچھ نہیں بدلا ہے۔ یہ نیا ضابطہ 15 اکتوبر 2019 سے قبل عمل میں نہیں آئے گا۔ قانونی چارہ جوئی سے اس کے رو بہ عمل آنے میں مزید تاخیر ہوسکتی ہے۔**

**یہ نیا ضابطہ تمام اقسام کی عوامی مراعات پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔ یہ تارکین وطن کے تمام زمروں پر لاگو نہیں ہوتا ہے۔ آپ جو مراعات حاصل کر رہے ہیں ان میں کوئی تبدیلی لانے سے پہلے حقائق جان لیں۔**

### حقائق جان لیں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ اس ضابطے سے آپ یا آپ کے اہل خانہ پر اثر پڑ سکتا ہے تو *LegalHealth* (صحت کے قانون) کے وکلا کو کال کریں۔
*LegalHealth* کے وکلا بلا معاوضہ لیے مدد کر سکتے ہیں۔ وہ مکمل طور پر رازداری رکھتے ہیں۔
**انہیں *212-659-6188* پر کال کریں یا ان سے *NYC Health + Hospitals* کے کسی احاطے میں ملیں۔**

NYC Health + Hospitals چاہتا ہے کہ جس کی آپ کو حاجت ہو وہ نگہداشت آپ کو ملتی رہے، اور جس کے آپ اہل ہوں، صحت کی دیکھ بھال کی وہ کوریج آپ کو حاصل رہے۔

**آپ کی امیگریشن کی حیثیت جو بھی ہو، NYC Health + Hospitals میں ہم سبھی مریضوں کا استقبال کرتے ہیں۔ یہ ہمارا عزم ہے۔ یہ کبھی نہیں بدلے گا۔**

*یہ عام معلومات ہیں، قانونی مشورہ نہیں ہے۔*